CAREERINDIA

**SET – 1**

**Series : HRK/1/C**

کوڈ نمبر
**Code No.** **40/1/1**

رول نمبر
**Roll No.** | | | | | | | |

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- جانچ لیجئے کہ اس سوال کے پرچے میں چھپے ہوئے صفحات کی تعداد 7 ہے۔
- طالب علم کو پرچہ کے اوپر دائیں طرف چھپا کوڈ نمبر جوابی کاپی کے اوپری صفحہ پر لکھنا ہے۔
- جانچ لیجئے کہ اس پرچہ میں چھپے سوالات کی تعداد 31 ہے۔
- **کسی سوال کا جواب لکھنا شروع کرنے سے پہلے پرچہ کے مطابق سوال کا سلسلہ نمبر جوابی کاپی میں لکھئے۔**
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال کے پرچہ کو صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلبائ صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقت کے دوران طلبائ پرچہ کے سوالوں کے جواب لکھنا شروع نہیں کر سکتے۔

- Please check that this question paper contains **7** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **31** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

www.care

**II – مجموعی امتحان**

**SUMMATIVE ASSESSMENT – II**

# رِیاضی

# MATHEMATICS

حاصل وقت : **3** گھنٹے
*Time allowed : 3 hours*

پیشترین کل نمبر : **90**
*Maximum Marks : 90*

CAREERINDIA

**عام ہدایات:**

(i) **سبھی** سوال لازمی قسم کے ہیں۔

(ii) اس سوالی پرچہ میں کل **31** سوال ہیں جنھیں چار سیکشنوں **A, B, C** اور **D** میں بانٹا گیا ہے۔

(iii) سیکشن **A** میں **ایک ایک** نمبر کے **4** سوال ہیں۔ سیکشن **B** میں دو دو نمبروں کے **6** سوال ہیں۔ سیکشن **C** میں **تین تین** نمبروں کے **10** سوال ہیں اور سیکشن **D** میں **چار چار** نمبروں کے **11** سوال ہیں۔

(iv) کیلکولیٹروں کے استعمال کی اجازت نہیں ہے۔


## حصہ A

سوال **1** تا سوال **4** ہر سوال کا **ایک** نمبر ہے۔

.1 کوئی مشاہد، جس کا قد 1.5 m ہے، 30 m اونچے مینار سے 28.5 m کے فاصلے پر ہے۔ مشاہد کی آنکھ سے مینار کی چوٹی کا زاویہ ارتفاع معلوم کیجیے۔

.2 A.P. ........ ,$\frac{1}{m}, \frac{1+m}{m}, \frac{1+2m}{m}$ کا n واں رکن لکھیے۔

.3 شکل 1 میں، دو ہم مرکز دائرے ہیں، جن کا مرکز O ہے۔ PQS اور PRT دو مماس ہیں، جو باہری دائرے کے نقطہ P سے اندرونی دائرے پر کھینچے گئے ہیں۔ اگر PR = 5 cm، تو PS کی لمبائی معلوم کیجیے۔




**شکل – 1**

.4 ایک تھیلے میں 3 لال اور 5 کالی گیند ہیں۔ اس تھیلے میں سے ایک گیند بنا کسی ترتیب کے نکالی جاتی ہے۔ نکالی گئی گیند لال نہ ہونے کا احتمال کیا ہو گا؟

www.careerindia.com

CAREERINDIA

## حصہ B

سوال 5 تا سوال 10 ہر سوال کے 2 نمبر ہیں۔


5. $x$ کے لیے حل کیجیے:

$$\frac{x+3}{x+2} = \frac{3x-7}{2x-3}, \; x \neq -2, \frac{3}{2}$$

6. کسی A.P. کا 10واں رکن $(-4)$ ہے اور اس کا 22واں رکن $(-16)$ ہے۔ اس کا 38واں رکن معلوم کیجیے۔

7. شکل-2 میں، مرکزہ O والے دائرے پر کسی باہری نقطے T سے دو مماس TP اور TQ کھینچے گئے۔

ثابت کیجیے $\angle PTQ = 2\angle OPQ$





شکل – 2

8. k کی وہ قدر معلوم کیجیے جس کے پہلے نقاط $(-5, 1)$، $(1, k)$ اور $(4, -2)$ ہم خط ہوں گے۔

9. نقطہ $P(-4, 6)$، نقاط $A(-6, 10)$ اور $B(3, -8)$ کو ملانے والے قطعہ خط کو کس تناسب میں تقسیم کرتا ہے؟

10. شکل 3 میں ایک باہری نقطہ P سے PQ ایک مماس ہے جو مرکز O والے دائرے پر باہری نقطے T سے ڈالا گیا ہے اور OP دائرے کو نقطہ T پر قطع کرتا ہے اور QOR دائرہ کا ایک قُطر ہے۔ اگر $\angle PQR = 130°$ اور S دائرہ پر ایک نقطہ ہے، تو $\angle 1 + \angle 2$ کی قدر معلوم کیجیے۔




شکل – 3

CAREERINDIA

## حصہ C

سوال **11** تا سوال **20** ہر سوال کے **3** نمبر ہیں۔

11. 8 کے پہلے 15 ضریب (multiplies) کی حاصل جمع معلوم کیجیے۔

12. 120 m اونچے مینار کی چوٹی سے کوئی مشاہد دو کاروں کا مشاہدہ کرتا ہے جو مینار کی مختلف سمتوں میں ہیں اور مینار کے پائے سے خطِ مستقیم میں ہیں۔ کاروں کا زاویہ جھکاؤ 60° اور 45° ہے۔ دونوں کاروں کا درمیانی فاصلہ معلوم کیجیے۔ ($\sqrt{3} = 1.732$)

13. کسی سرکس کا ٹینٹ استوانی شکل کا ہے، جس کا اوپری سرا مخروطی ہے، اور استوانے اور مخروط کا قطر یکساں ہے۔ اگر ان اک مشترک قطر 56 cm ہے، استوانی حصّے کی اونچائی 6 m ہے اور ٹینٹ کی زمین سے کل اونچائی 27 m ہے، تو ٹینٹ تیار کرنے میں استعمال کیے گئے کینوس کا رقبہ معلوم کیجئے۔

14. اگر ایک بڑے اور ایک مقابلتاً چھوٹے دائرے کے نصف قطروں کا فرق 7 cm اور ان دونوں دائروں کے رقبوں کا فرق 1078 مربع سنٹی میٹر ہے، تو مقابلتاً چھوٹے دائرے کا نصف قطر معلوم کیجیے۔

15. $x$ – محور پر واقع اس نقطہ کے محل وقوع معلوم کیجیے جو نقاط A(2, –5) اور B(–2, 9) سے ہم فاصلہ (equidistant) ہے۔

16. ایک کھیل میں ہر دفعہ حاصل ہونے والے انجام (ہیڈ یا ٹیل) کو نوٹ کیا جاتا ہے۔ رمیش یہ کھیل تب ہی جیت سکتا ہے جب تینوں دفعہ ایک ہی نتیجہ حاصل ہو (یعنی تینوں بار ہیڈ یا ٹیل)۔ رمیش کے ہارنے کا احتمال معلوم کیجیے۔

www.careerindia.com

17. 14 cm قطر کے پائپ سے 5 km/h کی چال سے 50 m × 44 m ابعاد کے مستطیل نما ٹنکی میں پانی بھرا جا رہا ہے۔ وہ وقت معلوم کیجیے جس میں ٹنکی میں پانی کی سطح میں 7 cm کا اضافہ ہوگا۔

18. 21 cm نصف قطر کے دائرے پر ایک قوس 60° کا زاویہ بناتا ہے، تو قوس کے ذریعے بنائے گئے قطاع (sector) کا رقبہ معلوم کیجیے۔

19. دکھایئے کہ اگر مندرجہ ذیل دو درجی مساوات کے جذر مساوی ہیں، تو ad = bc

$$x^2(a^2 + b^2) + 2(ac + bd)x + (c^2 + d^2) = 0$$

20. 24 cm اونچائی کے استوانے سے، جس کا قطر 14 cm ہے، یکساں اونچائی اور قطر کا ایک جوف کاٹا گیا۔ باقی بچے ٹھوس کا کل سطحی رقبہ معلوم کیجیے۔

## SECTION – D

سوال **21** تا سوال **31**، ہر سوال کے **4** نمبر ہیں۔

21. $x$ کے لئے حل کیجئے:

$$\frac{x+3}{x-2} - \frac{1-x}{x} = \frac{17}{4};\ x \neq 0, 2$$

22. دو ایسے لگاتار طاق فطری اعداد معلوم کیجیے، جن کے مربعوں کا حاصل جمع 394 ہو۔

23. اگر کسی AP کے 11ویں رکن اور 18ویں رکن کی نسبت 3 : 2 ہے، تو اس کے پہلے پانچ ارکان کے حاصل جمع اور پہلے 10 ارکان کے حاصل جمع کی نسبت معلوم کیجیے۔

24. ثابت کیجیے کہ کسی باہری نقطے سے کسی دائرہ پر کھینچے گئے مماسوں کی لمبائیاں مساوی ہوتی ہیں۔

25. ایک ایسا قائم مثلث کھینچیے جس کے اضلاع (وتر کے علاوہ) 8 cm اور 6 cm ہوں۔ پھر ایک دوسرا مثلث تشکیل کیجیے جس کے اضلاع پہلے مثلث کے مطابق اضلاع کے $\frac{3}{4}$ گنے ہوں۔

26. ایک دائرہ بند (circumscribe a circle) چار ضلعی (quadrilateral) ABCD کھینچا گیا ہے۔ ثابت کیجیے کہ AB + CD = AD + BC

27. ایک سیدھی شاہراہ ایک مینار کے پائے تک جاتی ہے۔ مینار کی چوٹی پر کھڑا ایک آدمی ایک کار کو 30° کے زاویہ انخفاض پر دیکھتا ہے، جو مینار کے پائے کی طرف یکساں چال سے جا رہی ہے۔ 6 سیکنڈ بعد کار کا زاویہ انخفاض 60° ہو جاتا ہے۔ اس نقطہ سے مینار کے پائے تک پہنچنے میں کار کے ذریعے لیا گیا وقت معلوم کیجیے۔

28. کسی باکس میں کارڈ ہیں جن پر 1 سے 90 تک نمبر پڑے ہیں۔ ان میں سے بنا کسی ترتیب کے ایک کارڈ منتخب کیا جاتا ہے۔ احتمال معلوم کیجیے کہ منتخب کردہ کارڈ کا نمبر

(i) دو ہندسی عدد ہے

(ii) مربع کامل عدد ہے

29. چار ضلعی ABCD کا رقبہ معلوم کیجیے جبکہ اس کی راسیں ہیں:

A(1, 1)، B(7, –3)، C(12, 2) اور D(7, 21)

www.careerindia.com

CAREERINDIA

30. دھات کی چادر کی بنی ایک بالٹی مخروط کے فرسٹم کی شکل کی ہے۔اس کی اونچائی 35 cm ہے اور دائری سروں کے نصف قطر 30 cm اور 12 cm ہیں۔اس میں کتنے لیٹر دودھ آسکتا ہے اگر اسے پورا بھر دیا جائے؟ اگر یہ دودھ 40 ₹ فی لیٹر کی شرح سے فروخت کیا جائے تو کتنے روپے حاصل ہوں گے؟

اگر دودھ فروش دودھ کی آدھی مقدار غریب افراد کو آدھی قیمت پر فروخت کرتا ہے، تو اس سوال میں کون سی قدر ظاہر کی گئی ہے؟

31. لکڑی کے ایک مستطیل نما بلاک سے، جس کے ابعاد 15 cm × 10 cm × 3.5 cm ہیں، ایک قلم دان بنایا جاتا ہے، جس میں 4 مخروطی گڑھے ہیں۔ ہر گڑھے کا نصف قطر 0.5 cm ہے اور گہرائی 2.1 cm ہے، تو قلم دان میں بچی باقی لکڑی کا حجم معلوم کیجیے۔

---

www.careerindia.com

www.careerindia.com